سوال

(225)مرحوم کے ورثاء ایک بیوی، چار بہنیں، اورچچازاد بہن کا بیٹا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں منگی لدھوشاہ فوت ہوگیا جس نے وارث چھوڑے ۔ ایک بیوی بی بی امام زادی، 4 بہنیں مسمات بی بی میرزادی، بی بی آمنہ، بی بی بچو، بی بی زینب اورچچازاد بہن کا بیٹا سید نورشاہ، اس کے بعد مسمات میرزادی فوت ہوگئی جس نے وارث چھوڑے تین بہنیں بی بی آمنہ، بی بی بچو، بی بی زینب اورچچازاد بہن کے بیٹے ولی محمد، مقارو، وڈل، حاجی شاہ محمد، میرل، حسن، اس کے بعدبی بی آمنہ فوت ہوگئی جس نے چھوڑے 2 بہنیں، بی بی بچو، بی بی زینب، اورچچازادبیٹوں کے بیٹے ولی محمد، شارو، وڈل، شاہ محمد، میرل، حسن، اس کے بعد بچوبی بی اورزینب فوت ہوگئی جس نے وارث چھوڑے چچازادبھائیوں کی اولاد کے بیٹے جوکہ اوپر ذکرہوئے ہیں ۔ وضاحت کریں کہ شریعت محمدی کے مطابق ہرایک کوکتنا حصہ ملے گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

سب سے پہلے میت کی جائیدادمیں سے کفن دفن اورقرض کی ادائیگی کی جائے، پھراگرجائزوصیت کی تھی توساری جائیدادکےتیسرے حصے سے پوری کی جائے پھرساری ملکیت منقول خواہ غیرمنقول کوایک روپیہ قراردے کرتقسیم اس طریقے پرہوگی۔

فوت ہونے والامنگی لدھوشاہ ملکیت 1روپیہ

وارث : بیوی کو4آنے، بہن میرزادی کو2آنے 8پائی، بہن آمنہ 2آنے 8پائی، بہن بچو2آنے 8پائی، بہن زینب 2آنے 8پائی چچازادکابیٹا نورشاہ کو1آنہ 4پائی ملیں گے

اس کے بعدمیرزادی فوت ہوئی ملکیت 8پائی 2آنے

وارث : بہن 4/1/7پائی، بہن 4/1/7پائی، بہن 4/1/7پائی، ولی محمد، متارو، وڈل، شاہ محمد، حسن، میرل

باقی اوپرمذکورہ تمام چچازاد4/1/10پائی کے اندربرابربرابرحصے دارہوں گے

اس کے بعدآمنہ فوت ہوئی ملکیت 4/1/3پائی 3آنے

وارث : بہن 1آنہ 1پائی، بہن 1آنہ 1پائی چچازادکی اولادمیں شارول، ولی محمد، وڈل، شاہ محمد، حسن میرل سب کے سب 1آنے 4/1/1پائی میں برابرکے حصے دارہیں۔

اس کے بعد بچو فوت ہوگئی ملکیت 4/1/3 پائی 3 آنہ

وارث : بہن 1 کو آنہ 1 پائی ۔ باقی 1 آنہ 4/1/4 پائی میں سب چچازاد کے بیٹے شارول ، ولی محمد ، وڈل ، شاہ محمد ، حسن میرل برابر کے حصے دار ہیں ۔

اس کے بعد زینب فوت ہوئی ملکیت 2/1/6 پائیاں 6 آنے

وارث : چچازاد کے بیٹے متارو ، ولی محمد ، وڈل ، شاہ محمد ، حسن میرل ، 6 آنے 2/1/6 پائیوں میں برابر کے حصے دار ہوں گے ۔

جدید اعشاریہ نظام تقسیم

میت منگی لدھو شاہ کل ملکیت 100

بیوی 1/4/=25

4 بہنیں 2/3/=66.66

چچازاد بیٹا (نورشاہ) عصبہ 8.34

ان میں ایک بہن میرزادی فوت کل ملکیت 16.665

3 بہنیں 3/2/11.11 فی کس 3.703

6 چچازاد بہن کے لیے عصبہ 5.555 فی کس 0.925

پھر دوسری بہن آمنہ فوت کل ملکیت 20.368

2 بہنیں 3/2/13.578 فی کس 6.789

6 چچازاد بہن کے بیٹے عصبہ 6.79 فی کس 1.131

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ راشدیہ

صفحہ نمبر 631

محدث فتویٰ